روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 2 جنوری 2009ء 4 محرم 1430 ہجری 2 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 2

مقدس خانوادہ

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

ہم وہ اہل بیت ہیں جن کے لئے خدا نے دنیا کی بجائے آخرت کو پسند کیا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الفتن باب خروج المہدی حدیث نمبر:4072)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اس میں کس ایماندار کو کلام ہے کہ حضرت امام حسین اور امام حسن رضی اللہ عنہما خدا کے برگزیدہ اور صاحب کمال اور صاحب عفت اور عصمت اور ائمۃ الھدیٰ تھے اور وہ بلاشبہ دونوں معنوں کی رو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آل تھے۔(تریاق القلوب روحانی خزائن جلد 15 ص 364)

ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گیارہ بیٹے فوت ہوئے تھے اور پھر انبیاء کو تو رہنے دو۔ امام حسینؓ کو دیکھو کہ ان پر کیسی کیسی تکلیفیں آئیں۔ آخری وقت میں جو ان کو ابتلاء آیا تھا کتنا خوفناک ہے۔ لکھا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ستاون برس کی تھی اور کچھ آدمی ان کے ساتھ تھے۔ جب سولہ یا سترہ آدمی ان کے مارے گئے اور ہر طرح کی گھبراہٹ اور لاچاری کا سامنا ہوا تو پھر ان پر پانی کا پینا بند کر دیا گیا۔ اور ایسا اندھیر مچایا گیا کہ عورتوں اور بچوں پر بھی حملے کئے گئے اور لوگ بول اٹھے کہ اس وقت عربوں کی حمیت اور غیرت ذرا بھی باقی نہیں رہی۔ اب دیکھو کہ عورتوں اور بچوں تک بھی ان کے قتل کئے گئے اور یہ سب کچھ درجہ دینے کے لئے تھا۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 336)

آل محمدؐ اور اہل بیت کے بارے میں حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں۔

جان و دلم فدائے جمال محمدؐ است
خاکم نثار کوچۂ آل محمدؐ است

ترجمہ:۔ میری جان و دل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال پر فدا ہیں اور میری خاک آل محمدؐ کے کوچہ پر قربان ہے۔(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 97)

ہم ان کو راستباز اور متقی سمجھتے ہیں۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 328)

حضرت امام حسین سید المظلومین تھے۔(ترجمہ عربی عبارت سرالخلافہ۔ روحانی خزائن جلد 8 ص 353)

تعلیم یافتہ آدمی بات کی تہہ تک جلدی پہنچ جاتا ہے اور جس پیشے کو وہ اختیار کرتا ہے اس میں بہت جلد مہارت حاصل کر لیتا ہے۔
(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''
(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ
(ناظر اعلیٰ)

فری کوچنگ کلاس

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ امسال کلاس نہم، دہم، ایف اے اور ایف ایس سی (فزکس، کیمسٹری بیالوجی، ریاضی، انگلش، شماریات) کیلئے ایک فری کوچنگ کلاس کا انعقاد کر رہی ہے اس کے لئے رجسٹریشن مورخہ 3 تا 6 جنوری 2009ء رات 6:00 تا 7:30 بجے دفتر مقامی ہال میں ہوگی۔ ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر ہمراہ لائیں تفصیلی ہدایات دفتر مقامی کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔
(مہتمم مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 514

قبولیت دعا کا نشان

حضرت مولوی عبداللہ سنوری صاحب کے صاحبزادے حضرت میاں رحمت اللہ صاحب کا بیان:۔

''میں ایک دفعہ بہت سخت بیمار ہو گیا۔ ڈاکٹروں اور حکیموں نے جواب دے دیا کہ اب یہ صرف چند دن کا مہمان ہے کسی دوائی کے بدلنے کی ضرورت نہیں۔ والد صاحب مرحوم نے حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا کہ اگر خدانخواستہ کوئی ایسی ویسی بات ہو گئی تو مجھے نصیحت فرمائیں کہ میں اس وقت اپنی حالت کیسی رکھوں حضور کے دست مبارک سے لکھا ہوا جواب پہنچ گیا کہ اگر یہ موت نہ ہوئی تو میری دعا قبولیت کو پہنچ گئی۔ کیونکہ دعا کرنے کے بعد یہ خط لکھا ہے۔ حضور یہ خط ابھی سنور پہنچا نہ تھا کہ رات کو مجھے آرام سے نیند آ گئی کہ گویا میں بیمار ہی نہ تھا۔ صبح کو والد صاحب نے میری حالت کی بابت دریافت کیا۔ میں نے کہا کہ میری حالت بہت اچھی ہے۔ کوئی تکلیف نہیں۔ والد صاحب مرحوم نے جوش کے ساتھ فرمایا۔ کہ رحمت اللہ گواہ رہنا۔ آج کا دن یاد رکھنا۔ حضرت صاحب نے تمہارے لئے دعا کر دی ہے۔ یہ اسی کا نتیجہ ہے۔ ڈاکٹر و حکیم نے قارورہ دیکھ کر کہا کہ یہ کسی مریض کا نہیں بلکہ یہ بالکل تندرست آدمی کا قارورہ ہے اور وہ بہت حیران تھے۔ کہ ایک دن میں ایسی حالت کا تغیر کیسے ہو گیا۔ حضور کا جب خط آیا تو ہفتہ کے روز کی تاریخ کا تھا اور مجھے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب کو کلی طور پر صحت ہو گئی تھی۔ میں حضور کی دعا کی قبولیت کا زندہ نشان ہوں۔ افسوس حضرت اقدس کا یہ خط اور واسکٹ کا ٹکڑا جو میں نے تبرکاً رکھے ہوئے تھے، گم ہو گئے ہیں۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 128-129)

نصرت حق تعالیٰ کا نزول

حضرت چوہدری حاکم علی صاحب سفید پوش نمبردار چک پنیار ضلع سرگودھا کی روح پرور روایت:۔

''ایک دفعہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ جب ہم پر کوئی تکلیف آتی ہے مثلاً کوئی دشمن کبھی مقدمہ کھڑا کر دیتا ہے یا کوئی اور ایسی ہی بات پیش آ جاتی ہے تو اس وقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا خدا تعالیٰ ہمارے گھر میں آ گیا ہے۔''

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 131)

نماز میں دعاؤں کی تاکید

حضرت میاں خیرالدین صاحب سیکھوانی تحریر فرماتے ہیں:۔

ایک دفعہ حضور سیدنا مسیح موعود نے فرمایا کہ دعا نماز میں بہت کرنی چاہئے نیز فرمایا کہ اپنی زبان میں دعا کرنی چاہئے لیکن جو کچھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے اس کو انہیں الفاظ میں پڑھنا چاہئے مثلاً رکوع میں سبحان ربی العظیم اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ وغیرہ پڑھ کر اور اس کے بعد بیشک اپنی زبان میں دعا کی جائے۔ نیز فرمایا کہ رکوع وسجدہ کی حالت میں قرآنی دعا نہ کی جائے کیونکہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا پاک کلام ہے اور اعلیٰ شان رکھتا ہے اور رکوع اور سجدہ تذلل کی حالت ہے۔ اس لئے کلام الٰہی کا احترام کرنا چاہئے۔

(سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 166)

مومن کا ہتھیار

حضرت میاں فضل محمد صاحب ہرسیاں (والد ماجد مولانا ابو البشارت عبدالغفور صاحب) کے قلم سے:۔

ایک دفعہ دعا کے متعلق کچھ سوال ہوا۔ حضور نے فرمایا کہ

''دعا ہی مومن کا ہتھیار ہے۔ دعا کو ہرگز چھوڑنا نہیں چاہئے۔ بلکہ دعا سے تھکنا نہیں چاہئے۔ لوگوں کی عادت ہے کہ کچھ دن دعا کرتے ہیں اور پھر چھوڑ دیتے ہیں۔ دعا کی مثال حضور نے کنوئیں کی دی کہ انسان کنواں کھودتا ہے جب پانی قریب پہنچتا ہے تو تھک کر ناامید ہو کر چھوڑ دیتا ہے۔ اگر وہ ایک دو بالشت اور کھودتا تو نیچے سے پانی نکل آتا اور اس کا مقصود حاصل ہو جاتا اور کامیاب ہو جاتا۔ اسی طرح دعا کا کام ہے کہ انسان کچھ دن دعا کرتا ہے اور پھر چھوڑ دیتا ہے اور ناکام رہتا ہے۔''

(سیرت المہدی جلد دوم ص 207)

خدا کا دربار خاص

حضرت مسیح موعود نے ایک بار ارشاد فرمایا

''دعا نماز میں کرنی چاہئے رکوع میں، سجدہ میں، بعد تسبیحات مسنونہ اپنی زبان میں دعا مانگے۔ بعض لوگ نماز تو جلدی جلدی پڑھ لیتے ہیں اور بعد نماز ہاتھ اٹھا کر لمبی لمبی دعائیں کرتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ جب سامنے کھڑا ہوا اس وقت مانگتا نہیں۔ جب باہر آ جائے تو پھر دروازہ جا کھٹکھٹانے لگے۔ نمازی نماز کے وقت خدا تعالیٰ کے حضور سامنے کھڑا ہوتا ہے اور اس وقت تو جلدی جلدی نماز پڑھ لیتا ہے اور کوئی حاجت یا ضرورت خدا تعالیٰ کے حضور پیش نہیں کرتا لیکن جب نماز سے فارغ ہو کر حضوری سے باہر آ جاتا ہے تو پھر مانگنا شروع کرے اس کے یہ معنے نہیں کہ بغیر نماز دعا جائز نہیں صرف یہ مطلب ہے کہ نماز کے وقت خاص حضوری ہوتی ہے اس وقت ایسا نہیں کرنا چاہئے بلکہ بہتر ہے کہ نماز کے اندر دعا کرے وہ قبولیت کا وقت ہوتا ہے۔''

(بروایت حضرت میاں خیرالدین سیکھوانی۔ سیرت المہدی جلد دوم صفحہ 261)

سیدنا حضرت مصلح موعود کا تاثیرات دعا سے متعلق مشہور شعر ہے۔

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے
اے مرے فلسفیو زور دعا دیکھو تو

دوران جلسہ نماز کا قیام

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ خطبہ جمعہ 18 جولائی 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

جلسہ کے ایام بالخصوص ذکر الٰہی اور درود پڑھتے ہوئے گزاریں اور التزام کے ساتھ نمازوں کی پابندی کریں۔ اب اتنی دور سے مہمان تشریف لائے ہیں تو اگر نمازیں بھی نہ پڑھیں اور ان کی پابندی نہ کی تو پھر فائدہ کوئی نہیں ہوگا۔ اسی طرح انتظامیہ کے لئے یہ ہے کہ لنگر خانہ میں یا ایسی ڈیوٹیاں جہاں سے ہلنا ان کے لئے مشکل ہے وہاں نماز کی ادائیگی کا انتظام ہونا چاہئے۔ اور ان کے افسران کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں۔

انگلستان کے احمدیوں کو چاہئے کہ ذوق وشوق کے ساتھ اس جلسہ میں شریک ہوں۔ یہ آپ کا جلسہ سالانہ ہے۔ بغیر کسی عذر کے کوئی غیر حاضر نہ رہے۔ بعض لوگ تین دن کی بجائے صرف دو دن یا ایک دن کے لئے آ جاتے ہیں اور ان کے آنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جلسہ کی برکات کے حصول کی بجائے میل ملاقات ہو۔ حالانکہ جلسہ کی برکات کو اگر مدنظر رکھا جائے تو تین دن حاضر رہنا ضروری ہے۔ جس حد تک ممکن ہو جلسہ کی تقاریر اور باقی پروگرام پوری توجہ اور خاموشی سے سنیں اور وقت کی قدر کرتے ہوئے کسی بھی صورت اسے ضائع نہ کریں۔

پھر یہ ہے کہ نماز کے دوران بعض اوقات بچے رونے لگ جاتے ہیں جس سے بعض لوگوں کی نماز میں بہرحال توجہ بٹتی ہے، خراب ہوتی ہے۔ جو نماز کا تعلق تھا وہ جاتا رہتا ہے۔ تو اس صورت میں والدین کو چاہئے اگر والد کے پاس بچہ ہے یا والدہ کے پاس بچہ ہے کہ وہ اس کو باہر لے جائیں۔ یہ بہتر ہے کہ اس اکیلے کی نماز خراب ہو، بجائے اس کے کہ پورے ماحول میں بچے کے شور کی وجہ سے رونے کی وجہ سے نمازیوں کی نماز خراب ہو رہی ہو۔ نیز اگر چھوٹی عمر کے بچے ہیں تو مائیں جو ہیں اگر یا باپوں کے پاس ہے تو باپ، پہلی صفوں میں بیٹھنے کی کوشش نہ کریں۔ بلکہ پیچھے جا کر بیٹھیں تا کہ اگر ضرورت پڑے تو نکلنا بھی آسان ہو۔

اسی طرح نمازوں کے دوران اپنے موبائل فون بھی بند رکھیں۔ بعضوں کو عادت ہوتی ہے کہ فون لے کر نمازوں پر آ جاتے ہیں اور پھر جب گھنٹیاں بجنا شروع ہوتی ہیں تو بالکل توجہ بٹ جاتی ہے نماز سے۔ اور جلسہ کی تقریروں کے درمیان بھی مائیں اپنے بچوں کو خاموش رکھنے کی کوشش کرتی رہیں اور اس کے لئے بہتر یہی ہے کہ پیچھے جا کر بیٹھیں۔

(خطبات مسرور جلد اول صفحہ 194)

(مرسلہ: مرکزی اصلاحی کمیٹی ربوہ)

نادار اور غریب طلباء کی امداد سے اللہ کے فضل کا حصول

جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے چھوٹی سے چھوٹی نیکی کا موقع بھی ضائع نہیں ہونے دیتی۔ جہاں یہ ایک عظیم نیکی ہے۔ وہاں قرآن کریم اور آنحضور ﷺ کا فرمان بھی ہے۔ کہ ہر مرد و عورت کے لئے علم کا حصول لازمی ہے۔ اور خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ ایک ایسی جماعت ہے جو پڑھے لکھے افراد کی جماعت شمار ہوتی ہے۔ اور اس جماعت میں ایسے افراد بھی ہیں جو اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر سکتے۔ ایسے نادار مستحق اور غریب طلباء کے لئے صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں ایک شعبہ (امداد طلبہ) قائم ہے۔ یہ شعبہ خالصۃً افراد جماعت کی طرف سے عطیات کے ذریعے کام کرتا ہے۔ اس لئے احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور نادار اور غریب طلبہ کی تعلیم کے لئے اس فنڈ میں رقوم بھجوائیں تا کہ کوئی طالب علم تعلیم کے زیور سے محروم نہ رہ سکے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بہت زیادہ برکت دے آمین۔ یہ عطیات براہ راست نگران امداد طلباء (نظارت تعلیم) یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ بمد امداد طلباء بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم)

سیمینار تعلیم القرآن

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے پروگراموں کے سلسلہ میں مجلس انصار اللہ واہ کینٹ ضلع راولپنڈی کے زیر اہتمام سیمینار تعلیم القرآن 21 دسمبر 2008ء کو بیت الذکر میں منعقد ہوا۔ جس میں 98 انصار شریک ہوئے نیز 289 خدام، اطفال اور لجنہ و ناصرات نے اس پروگرام میں شرکت کی اس طرح کل حاضری 387 تھی۔ اس اجلاس میں راولپنڈی اور ٹیکسلا کے خدام وانصار بھی شریک ہوئے۔ سیمینار بعد نماز ظہر مکرم اعجاز ملک صاحب امیر واہ کینٹ کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مرکزی نمائندگان مکرم عبدالسمیع خان صاحب قائد تعلیم القرآن و محترم مرزا محمد الدین ناز صاحب ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی نے تقاریر کیں صدارتی خطاب اور دعا کے ساتھ سیمینار اختتام پذیر ہوا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم قریشی داؤد احمد صاحب مربی سلسلہ مانچسٹر

مخلص خادم سلسلہ، سادہ مزاج اور عالم دین

محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب کی قابل تقلید یادیں

محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب انتہائی مخلص، خادم دین اور سادگی کا مجسمہ تھے۔ لیکن اس سادگی میں بھی بڑا وقار اور متانت تھی۔ 1981ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد خاکسار کو پاکستان میں مختلف مقامات پر مربی سلسلہ کے طور پر خدمت کی توفیق ملی۔ 1987ء تا 1990ء خاکسار کا تقرر آزاد کشمیر کے علاقہ رام باڑی (تتہ پانی) اور پھر کوٹلی شہر میں رہا۔

محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب سے قریبی ملاقات اور تعلق کا آغاز اسی زمانہ میں ہوا۔ آپ مکرم مولانا عبدالرزاق بٹ صاحب مربی سلسلہ کے ہمراہ اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے نمائندہ کی حیثیت سے دو مواقع پر آزاد کشمیر کے اس علاقہ کے تربیتی دورہ پر تشریف لائے۔ انہیں مواقع پر خاکسار آپ کی ذاتی قابلیت، وقف کی روح اور سادگی سے بے حد متاثر ہوا۔ آپ کا انداز تربیت بڑا دلکش اور سادہ ہوتا تھا۔ آزاد کشمیر کی مختلف جماعتوں کے دورہ جات کے دوران خاکسار نے ہر موقع پر یہ محسوس کیا کہ تمام حاضرین کیا بڑے اور کیا بچے سب بڑے انہماک سے آپ کی گفتگو سنتے اور دیکھنے والوں کو یہ محسوس ہوتا کہ بات سیدھی دل کی گہرائیوں میں اتر رہی ہے۔

آپ ایک ہی سادہ اور روایتی لباس زیب تن کرتے ۔شلوار قمیص اور شیروانی۔ جہاں تک خاکسار کو یاد ہے آپ کے پاس دو جوڑے کپڑوں کے ہوتے تھے۔ ایک کو استعمال کرتے اور جب وہ میلا ہو جاتا تو دوسرا استعمال کرتے اور پہلے کو دھو لیتے۔

ایک موقع پر خاکسار نے کہا کہ میری اہلیہ صاحبہ ادھر ہیں میں آپ کے کپڑے دھلوا دیتا ہوں لیکن انہوں نے کہا کہ نہیں کپڑے میں خود دھولوں گا۔ البتہ اگر پگڑی کو مایا لگا دیں تو مشکور ہوں گا۔

مکرم مولانا صاحب موصوف کا بنیادی تعلق چونکہ کشمیر کے علاقہ ہی سے تھا۔ اس لئے کئی عزیز اور قرابت دار آپ کو مدعو کرتے اور خواہش کرتے کہ آپ ہمارے ہاں قیام کریں لیکن آپ کسی کے گھر رہنے پر بیت الذکر میں قیام کو ترجیح دیتے کہ وہاں نماز تہجد اور نماز باجماعت کا موقع مل جائے گا۔

عمومی طور پر والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کا ہونہار اور بڑا بچہ بڑا ہو کر دنیوی کاموں میں یا ملازمت کے ذریعہ ان کا ہاتھ بٹائے اس کے برعکس آپ نے مکرم نصیر احمد قمر صاحب کے وقف کا واقعہ بیان کرتے ہوئے بتایا کہ جب نصیر احمد نے میٹرک پاس کیا تو میں اسے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں لے گیا اور عرض کیا حضور نصیر نے میٹرک پاس کرلیا ہے۔ اب حضور فرمائیں کہ آگے یہ کیا کرے۔ حضور نے فرمایا کہ اسے جامعہ احمدیہ میں داخل کروا دیں۔ جو دراصل آپ کی دلی خواہش تھی۔

آزاد کشمیر کے دورہ کے دوران مکرم عبدالرزاق بٹ صاحب اور مولانا موصوف صاحب کئی مواقع پر گھانا میں گزرے ہوئے ایام اور بعض واقعات کا ذکر کرتے۔ یہاں یہ بھی ذکر کر دوں کہ مکرم عبدالرزاق بٹ صاحب اور مولانا صاحب کو ایک ہی دور میں گھانا میں مربی سلسلہ کے طور پر خدمت کا موقع مل چکا تھا۔

1990ء کے آخر میں ایک روز خاکسار کو ایک خط موصول ہوا۔ اسے کھولا تو وہ سیکرٹری صاحب حدیقۃ المبشرین کی طرف سے تھا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خاکسار کا تقرر گھانا کے لئے منظور فرمایا ہے۔ گھانا روانگی سے قبل تیاری وغیرہ کے سلسلہ میں کچھ عرصہ خاکسار کو ربوہ میں قیام کا موقع ملا اس دوران دیگر کاموں کے علاوہ ایک اہم کام ان بزرگان سلسلہ سے ملاقات تھی جن کو گھانا میں خدمت کا موقع مل چکا تھا۔ چنانچہ کئی مربیان کرام سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں ایک ملاقات مولانا بشیر احمد قمر صاحب کے ساتھ بھی تھی۔ مولانا صاحب موصوف نے گھانا میں قیام کے دوران پیش آمدہ واقعات، ذاتی تجربات، کام کرنے کا طریق، خصوصاً لوگوں سے تعلقات کے بارہ میں بہت سی سودمند باتیں بتائیں۔

خاکسار نے گھانا میں قیام کے دوران ان نصائح اور تجربات کو مدنظر رکھنے کی کوشش کی اور انہیں ہر لحاظ سے مفید پایا۔

1991ء میں خاکسار گھانا گیا تو خاکسار کا سب سے پہلا سنٹر گھانا کے شمالی علاقہ کا شہر ''وا'' تھا۔ جہاں پر مولانا صاحب کو گھانا میں قیام کا سب سے لمبا عرصہ گزارنے کا موقع مل چکا تھا۔ خاکسار کو گھانا میں قیام کے دوران اس شہر کے بعض احمدی بزرگان کے حالات کے بارہ میں لکھنے کا موقع ملا۔ یہ مضامین وقتاً فوقتاً الفضل انٹرنیشنل میں چھپتے رہے۔

اگرچہ مولانا موصوف کئی سال قبل گھانا سے واپس آکر جزائر فجی جا چکے تھے۔ لیکن ''وا'' کے لوگوں کے ذہنوں میں ہمیشہ کے لئے اپنی یادوں کے انمٹ نقوش ثبت کر گئے تھے۔ جن میں سے چند ایک کو بیان کرنا چاہتا ہوں۔

مکرم مولانا صاحب موصوف کے بارہ میں ایک بات جس نے مجھے بے حد متاثر کیا وہ عوام الناس کے ساتھ آپ کے تعلقات اور روابط تھے۔ ''وا'' کے لوگوں سے ملنے پر معلوم ہوا کہ بحیثیت مربی سلسلہ احمدیہ اگرچہ آپ احمدی احباب کے لئے تو قابل احترام تھے ہی لیکن کیا غیر از جماعت مسلمان اور کیا عیسائی سبھی آپ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ یہ تو ہوسکتا ہے کہ ''وا'' کے مرد و زن اور بچے اپنے ''امام'' یا ''پادری'' صاحبان کو نہ جانتے ہوں لیکن وہ مولانا صاحب موصوف کو ضرور جانتے تھے۔

خاکسار کو کئی غیر از جماعت اور عیسائی لوگوں سے ملنے کا موقع ملا تو وہ ایک بات ضرور پوچھتے تھے کہ وہ پگڑی والے مولوی صاحب اب کہاں ہیں اور ان کا کیا حال ہے جو لوگ آپ کو ذاتی طور پر نہ جانتے تھے وہ آپ کو روایتی لباس سے ضرور پہچانتے تھے۔ آپ کا یہ معمول تھا کہ آپ ناشتہ سے فارغ ہو کر ضروری دفتری کام کے بعد سائیکل پر یا پیدل باہر چلے جاتے اور جہاں بھی کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ملتے ان کے پاس چلے جاتے انہیں پیغام حق پہنچاتے اور ان سے سماجی تعلقات بڑھاتے۔

''وا'' کے مشن ہاؤس میں مشن کی طرف سے گاڑی اور ڈرائیور بھی موجود تھا۔ مولانا موصوف اکثر اوقات صبح ہی ڈرائیور کو گھر بھجوا دیتے۔ ڈرائیور کہتا کہ میں آپ کو گاڑی پر لے چلتا ہوں تو فرماتے کہ میں نے تو گلی محلوں میں لوگوں سے ملنا ہے آپ گاڑی کہاں کہاں لے کر جائیں گے۔

آپ کو قرآن مجید کی تعلیم سے بھی خاص لگاؤ تھا۔ ''وا'' میں قیام کے دوران آپ نے بہت سے نوجوانوں کو قرآن مجید پڑھایا۔

افریقی ممالک میں ایک روایت یہ بھی ہے کہ بعض مخلصین اپنے بچوں کو مشن ہاؤس چھوڑ جاتے ہیں۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ مربیان کی صحبت میں رہ کر دینی تعلیم خصوصاً قرآن مجید کی تعلیم حاصل کریں۔ ویسے تو ان ایام میں جماعت کی طرف سے ایسے خدمت گاروں کے لئے کچھ وظیفہ بھی مقرر کر دیا گیا ہے۔ لیکن بنیادی طور پر ان مخلصین کی اصل غرض اور نیت مالی منفعت نہیں بلکہ بچوں کو دینی ماحول میسر کرنا ہوتی ہے۔ ''وا'' میں قیام کے دوران خاکسار کئی ایسے احمدی نوجوانوں سے ملا۔ جنہوں نے بڑے فخر سے بتایا کہ انہوں نے مولانا صاحب موصوف سے قرآن مجید پڑھا تھا کیونکہ وہ مولانا صاحب کے پاس خدمت کے لئے رہا کرتے تھے۔ لیکن مولانا صاحب موصوف کا طرہ امتیاز یہ تھا کہ آپ کی غرض ایسے بچوں سے خدمت لینا نہیں بلکہ ان کو دینی ماحول میسر کرنا خصوصاً قرآن مجید پڑھانا ہوتی تھی۔ مولانا موصوف کی زندگی بڑی سادہ اور ہر قسم کے تکلفات سے مبرا تھی۔ بعض اوقات کوئی مخلص احمدی آپ کے لئے کوئی چیز لے کر آتا تو اپنی جیب میں ہاتھ ڈال کر کچھ رقم نکالتے اور فرماتے کہ جماعت جس قدر وظیفہ مجھے دیتی ہے اس میں سے ابھی اس قدر رقم باقی ہے اور مہینہ کے آخر پر مجھے پھر وظیفہ مل جائے گا اس لئے مجھے کسی مالی خدمت کی ضرورت نہیں۔ دراصل آپ نے اپنی ضروریات کو کبھی بھی آمدن پر حاوی نہ ہونے دیا بلکہ سادگی کو اپنا شعار بنا کر ہمیشہ اپنی محدود آمدن کو ضروریات پر حاوی رکھا۔

گھانا کے شمالی علاقہ میں ''وا'' کے علاوہ بھی کئی جماعتیں تھیں۔ جب بھی خاکسار کو ان علاقوں میں جانے کا موقع ملتا تو وہاں پر بھی احباب جماعت اور کئی اور لوگ ایک شخصیت کے بارہ میں ضرور سوال کرتے اور وہ مولانا صاحب کی ذات تھی۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ ان علاقوں میں بھی آپ کی بہت شناسائی تھی۔

ان سب باتوں کے علاوہ مولانا صاحب کی طبیعت میں بہت مزاح بھی تھا۔ آزاد کشمیر میں آپ کے ساتھ کئی مقامات کا سفر کرنے کا موقع ملا ان سفروں میں آپ بڑے ہلکے پھلکے لطائف اور دلچسپ باتوں سے سفر کی تھکان کا احساس نہ ہونے دیتے۔ ایک دوست نے مجھ سے بیان کیا کہ وا میں ایک غیر احمدی مولوی جو کہ کافی مشہور تھا اور جماعت کا شدید مخالف تھا۔ باوجود اس کے کہ اس کی بیوی احمدی تھی۔ مولانا صاحب موصوف کا طریق تھا کہ وہ ان کے گھر چلے جایا کرتے تھے۔ اگرچہ بیوی کے احمدی ہونے کی وجہ سے وہ مولوی صاحب کو منع تو نہ کرتا لیکن جب بھی مولوی صاحب اس کو سلام کرتے وہ جواب نہ دیتا۔

قریباً چار پانچ روز مسلسل مولوی صاحب جاتے رہے۔ اس کو سلام کرتے لیکن وہ جواب نہ دیتا۔ ایک روز اس نے تنگ آ کر کہا کہ مولانا صاحب جب میں آپ کے سلام کا جواب نہیں دیتا تو آپ اس کے باوجود مجھے سلام کیوں کرتے ہیں۔

مولوی صاحب نے فرمایا کہ بات یہ ہے کہ آپ نے کبھی مجھے یہ بھی نہیں کہا کہ میں آپ کا سلام کرنا پسند نہیں کرتا۔

اس نے کہا ٹھیک ہے میں آج آپ کو بتاتا ہوں کہ میں یہ پسند نہیں کرتا کہ آپ مجھے سلام کریں۔

مولوی صاحب نے فوراً پوچھا اچھا اس کی وجہ بتائیں کہ آپ کو میرا سلام کرنا کیوں ناپسند ہے۔ اس طرح آپ نے بات کرنے کی ایک راہ نکال لی اور مسلسل اس سے رابطہ رکھا۔ اس دوست نے بتایا کہ جس وقت مولوی صاحب کا ''وا'' سے تبادلہ ہوا اس وقت تک وہ غیر از جماعت مولوی اور مولانا صاحب موصوف بڑے پکے دوست بن چکے تھے۔ ''وا'' کے قریب خاکسار کو کئی دیہات میں جانے کا موقع ملا۔

الحمدللہ کہ مولانا صاحب موصوف کے ذریعہ وہاں ایک ایک دو دو خاندان احمدیت کی آغوش میں آ چکے تھے اور آپ نے وہاں جو اہم کام کیا وہ یہ تھا کہ عام لکڑی اور پتوں کے ذریعہ وہاں چھوٹی چھوٹی بیوت الذکر تعمیر کروادی تھیں۔ ایک دوست نے خاکسار کو بتایا کہ ہم وا کی پیدائش ہیں لیکن بعض قریبی دیہات کا تعارف ہمیں مکرم مولانا صاحب موصوف کی وساطت سے ہوا۔

آپ کا ایک اہم وصف جس کا خاکسار نے مشاہدہ کیا وہ آپ کا طریقہ ملاقات تھا۔ جب آپ کسی شناسا سے ملتے تو بڑے پُرتپاک طریق پر ملتے جس میں کسی قسم کے تکلف کا شائبہ نہ ہوتا۔ یوں تو آپ سے کئی ملاقاتیں رہیں لیکن ایک ملاقات کا اثر آج بھی

ماخوذ

پپیتے کی کاشت اور استعمال

پپیتا ایک منافع بخش پھل ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں اس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی۔ جس کی وجہ سے کسانوں کو اس کے عوامل کاشت سے لاعلمی ہے۔ اس مضمون میں کوشش کی گئی ہے کہ ہمارے کسان اور عام گھریلو صارفین (Home Gardeners) کو اس کی کاشت کے متعلق معلومات مل سکیں۔ اس پودے کو بطور پھل اور زیبائش استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ یہ جلد پھل دینے والا اور ہر آب وہوا اور زمین کو برداشت کرنے والا ایک اہم پودا ہے۔

پپیتا کا اصل وطن جنوبی امریکہ ہے اور یہ زیادہ تر فلوریڈا، ہوائی، فلپائن، ٹانگانیکا، کانگو، جنوبی افریقہ، سیلون، ہندوستان، پاکستان، آسٹریلیا، برما اور ملایا میں کاشت کیا جاتا ہے۔ مختلف ملکوں میں اسے مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ پپیتے کی کاشت گرم مرطوب آب و ہوا میں بڑی کامیابی سے کی جاسکتی ہے۔ کورا اس پودے کو بہت نقصان پہنچاتا ہے۔ لہٰذا ایسی جگہوں کا انتخاب کیا جائے جہاں کورا نہ پڑے۔ لیکن اگر گھروں وغیرہ میں تھوڑی تعداد میں لگایا جائے تو بڑے پودے تھوڑے بہت کورے کو برداشت کرلیتے ہیں جبکہ چھوٹے پودوں کو سرکنڈا وغیرہ سے ڈھانپ دینا چاہئے۔ اس کی کاشت کے لئے اچھے نکاس والی زرخیز زمین بہت موزوں ہے۔ لیکن اگر زمین کمزور ہو تو گوبر کی گلی سڑی کھاد کا استعمال اس کی پیداوار کو کامیاب بنا دیتا ہے۔ جس زمین میں پانی کا نکاس اچھا نہیں ہوتا وہ پپیتے کی کاشت کے لئے موزوں نہیں ہے۔

افزائش

پپیتے کی افزائش بذریعہ بیج کی جاتی ہے۔ بیج کے اُگنے کی شرح زیادہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ بیج ہمیشہ اچھے صحت مند پکے ہوئے پھل سے لئے جائیں۔ بیج پر لگی ہوئی چکنائی دور کرنے کے لئے اسے پانی سے اچھی طرح دھو لینا چاہئے۔ دھونے کے بعد اسے سایہ دار جگہ پر رکھ کر خشک کرلیں۔ ایک بات مشاہدے سے ثابت ہوئی ہے کہ ایک اچھے صحت مند پھل سے 8 سے 12 سو تک بیج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ فروری اور مارچ کے مہینے میں یہ بیج تیار شدہ بیڈ یا گملوں میں بوئے جاسکتے ہیں۔ یہ بیج 3 سے 4 ہفتے بعد اگنا شروع ہوجاتے ہیں۔ انہیں روزانہ ہلکا سا پانی دینا ضروری ہے۔ اگر زیادہ تعداد میں پودے درکار ہوں تو بیجوں کو قطاروں میں لگانا بہتر ہے۔ بیج سے بیج کا فاصلہ 3 سے 4 سینٹی میٹر اور قطار سے قطار کا فاصلہ 8 سے 20 سینٹی میٹر ہونا چاہئے۔ فروری میں لگائے گئے پودے مارچ میں تبدیلی کے قابل ہوجاتے ہیں۔ اس موسم میں پودے تیزی سے بڑھتے اور پھولتے ہیں اور سردی آنے سے قبل پختہ ہو جاتے ہیں اور ان میں سردی کے خلاف قوت مدافعت بڑھ جاتی ہے۔ لیکن اگر پودے اگست ستمبر میں لگائے جائیں تو ان کا سردی سے زیادہ نقصان ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ چونکہ ہمارے ہاں زیادہ تر وہ اقسام کاشت کی جاتی ہیں جن میں مادہ اور نر پھول علیحدہ علیحدہ پودوں پر آتے ہیں۔ اس لئے پودے لگاتے وقت ان کی شرح کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ یہ بات تجربات سے ثابت ہوئی ہے کہ نر اور مادہ 1:8 یا 1:10 کی شرح سے لگائیں جائیں تو پیداوار زیادہ سے زیادہ لی جاسکتی ہے۔ کھیت میں منتقلی کے وقت پودے سے پودے کا فاصلہ 3 سے 8 میٹر رکھنا چاہئے۔ یہ بھی قابل ذکر ہے کہ چھوٹے پودوں میں نر اور مادہ کی پہچان ناممکن ہے۔ لیکن یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ جو پودے زیادہ تیزی سے بڑھتے ہیں وہ مادہ اور دوسرے نر ہوتے ہیں۔ لیکن عام طور پر 50 فیصد مادہ اور 50 فیصد نر ہوتے ہیں۔ اس لئے بعض لوگ ان میں پودے سے پودے کا فاصلہ ایک میٹر رکھ لیتے ہیں اور پھول نکلنے پر زیادہ نر پودے زمین سے کاٹ دیتے ہیں۔

نر اور مادہ پودوں کی پہچان

پپیتے کا پودا 6 ماہ کی عمر تک پھول اور 10 سے 12 ماہ تک پھل دینا شروع کر دیتا ہے۔ نر پھول ہمیشہ گچھوں میں لگتے ہیں اور ان کی لمبائی 28 تا 100 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔ مادہ پھول تنہا یا زیادہ سے زیادہ دو یا تین پھول اکٹھے ہوتے ہیں اور ان کی لمبائی 1.5 سے 2 سینٹی میٹر ہوتی ہے۔

دیکھ بھال

شروع میں ہر دوسرے دن اور بعد میں 10 دن بعد پانی اس طریقہ سے دیا جائے کہ پانی زمین میں زیادہ دیر تک کھڑا نہ رہے۔

ایک پودے پر تقریباً 20 سے 30 پھل لگتے ہیں اور ان کا وزن قسم اور پھلوں کی تعداد پر ہوتا ہے۔ لیکن عام طور پر ایک پھل کا وزن ایک کلوگرام تک بھی ہوسکتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ایک اچھے صحت مند پودے سے کم سے کم 20 کلوگرام پھل لیا جاسکتا ہے۔

پھل توڑنے کے لئے صحیح وقت کا تعین ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر پھل میں ہلکا سا پیلا پن یعنی گہرے سبز سے پیلا ہونا شروع ہوجائے تو یہ توڑنے کے قابل ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ پکے ہوئے پھل کو خراشا جائے تو اس سے پانی کی مانند رس نکلتا ہے اور کچے پھل سے دودھ سے مشابہ جوس نکلے گا۔ یہی طریقہ عام طور پر اس کی برداشت کا اندازہ لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

پپیتے کا استعمال

پپیتا غذائی اعتبار سے پھلوں میں نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ پکا ہوا پپیتا پھل اور کچا سبزی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پپیتے سے اچار، جام، جیلی، مربہ اور کینڈی وغیرہ بھی تیار کی جاتی ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں پپیتے کا جوس بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ پپیتے کا سرکا بھی بنایا جاتا ہے۔ پپیتا پھل کی غذائیت کا تجزیہ درج ذیل ہے جس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ پھل کتنی غذائی اہمیت کا حامل ہے۔

غذائی شرح	(100 گرام گُودا)
توانائی	**23.1 تا 25.8 کیلوریز**
نمی	85.9 تا 92.6 گرام
پروٹین	.081 سے .34 گرام
چکنائی	.05 سے .96 گرام
کاربوہائیڈریٹ	6.17 تا 6.75 گرام
فائبر	0.5 تا 1.3 گرام
ایش	0.31 تا 0.66 گرام
کیلشیم	12.9 تا 40.8 ملی گرام
فاسفورس	5.3 تا 22.0 ملی گرام
آئرن	0.25 تا 0.78 ملی گرام
کیروٹین	.0045 تا 0.676 ملی گرام
تھائیامین	0.21 تا 0.036 ملی گرام
رائبوفلیون	0.024 تا 0.058 ملی گرام
نائیاسین	.225 تا 555 ملی گرام
اسکاربک ایسڈ	35.5 تا 71.3 ملی گرام
ٹرپٹوفان	4 تا 5 ملی گرام
میتھیونین	1 ملی گرام
لائیسین	15 تا 16 ملی گرام

پپیتے کا طبی استعمال

مطالعہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پپیتا طبی طور پر بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس کا پھل بواسیر کے مریضوں کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ تلی اور جگر کے مریضوں کے لئے اکسیر ہے۔ جلدی بیماریوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ اس کے پھل میں پیکٹن اور پپلین کی اچھی مقدار ہوتی ہے۔ جو پیٹ درد اور پیشاب کی بیماریوں کو ٹھیک کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کا شربت سینے کی بلغم کو نکالنے میں مددگار (Expectorant) ثابت ہوتا ہے اور بے خوابی کے مسئلہ میں بھی بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ بعض لوگ اس کے پتوں کو جسم کے اوپر چوٹ یا زخم والی جگہ پر باندھتے ہیں تاکہ سوزش وغیرہ کو ختم کیا جاسکے۔

تجربات سے یہ بات مصدقہ ہے کہ پپیتے کے بیج یا اس سے نکالے ہوئے رس کے استعمال سے نر خرگوش، چوہے اور بندر کو مکمل طور پر بانجھ (Infertile) کیا جاسکتا ہے اور یہ بھی قابل ذکر ہے کہ انسانوں میں بھی یعنی مرد حضرات پر اسی طرح کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ کچے پھل کے زیادہ استعمال سے حاملہ عورتوں میں اسقاط حمل ہوسکتا ہے۔ مگر پکے ہوئے پھل سے ایسا ہرگز نہیں ہوتا بلکہ معدہ کی درستگی میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کا رس اون اور ریشم کو رنگ کرنے کے محلول میں اور ربڑ انڈسٹری میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ (کسان رسالہ مئی 2008ء)

☆☆☆

بقیہ صفحہ 3

دل پر ہے۔

1996ء میں خاکسار گھانا سے رخصت پر پاکستان گیا۔ ایک روز ربوہ میں خاکسار تعلیم الاسلام کالج کے پاس دارالعلوم کی طرف پیدل جا رہا تھا اور مولانا صاحب موصوف دارالنصر کی طرف سے سائیکل پر تشریف لا رہے تھے۔ جونہی خاکسار کو دیکھا قریباً پندرہ بیس گز پہلے ہی سائیکل سے اترے اور اسے ایک طرف کھڑا کر کے چل کر خاکسار کی طرف آئے اور بڑے پُرتپاک طریق سے گلے ملے۔ گھانا کے حالات وغیرہ دریافت کئے۔ خاکسار کے وہاں پر کام کے بارہ میں پوچھا۔ آپ کے اس طرح ملنے میں جو بے تکلفی اور خلوص تھا۔ اس کی حلاوت اور چاشنی آج بھی محسوس ہوتی ہے۔

مولانا بشیر احمد قمر صاحب کی زندگی کے ان چند واقعات سے ایک بات اظہر من الشّمس ہے کہ ایک واقف زندگی کی حیثیت سے آپ نے ہمیشہ جماعتی روایات اور عزت نفس کو ہر دسری بات پر ترجیح دی دین کو دنیا پر مقدم رکھنا آپ کا شعار رہا، تو سادگی، زندگی کا اوڑھنا بچھونا خاکسار کی دانست میں اسی میں ایک کامیاب زندگی کا راز مضمر ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ بزرگ و برتر خدا مولانا مرحوم کے درجات کو بلند کرے اور آپ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ نیز آپ کی اولاد کو بھی مولانا مرحوم کے رنگ میں رنگین ہوتے ہوئے اپنی زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پہلی ایٹمی آبدوز

دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکہ نے ایٹمی آبدوز بنانے پر توجہ دی۔ 21 جنوری 1954ء کو دنیا کی پہلی ایٹمی آبدوز دریائے ٹیمز میں اتار دی گئی۔ 342 فٹ لمبی اس آبدوز کا ڈیزائن ایڈمرل ہائمن جارج ریکوور نے تیار کیا تھا۔ آبدوز کا نام ’’ناٹس‘‘ تھا اور اس کی انتہائی رفتار 20 ناٹ تھی۔ یہ آبدوز الیکٹرک بوٹ کمپنی نے تیار کی تھی۔ اس آبدوز کے عملہ میں 11 افسران اور 85 افراد شامل تھے۔ اس میں 69138 میل سفر کے بعد دوبارہ ایندھن بھرنے کی ضرورت پیش آئی۔

مکرم شیخ خرم نثار صاحب

دنیا کی بعض سپر پاورز

دنیا کی تاریخ کو مدنظر رکھا جائے تو ہر دور میں کوئی نہ کوئی ملک یا قوم ایسی رہی ہے کہ جس کو اپنے دور میں دنیاوی لحاظ سے دوسرے ممالک یا قوموں پر فوقیت حاصل تھی۔ لہٰذا وہ اپنے دور کے سپر پاور کہلائے۔ اس ملک یا قوم کے افراد یا پھر حکمران میں بھی کچھ ایسی قابلیت یا لیاقت ضرور تھی کہ وہ ایک ایسی منفرد طاقت رکھتے تھے جو دوسروں سے انہیں ممتاز کر دیتی تھی۔ اس سب کی وجہ وسائل کی موجودگی، دولت کی فراخی، اسلحہ کی طاقت یا پھر کچھ حکمرانوں کی پالیسی جس سے عوام بہت خوشحال اور ترقی یافتہ رہے اور وہ ملک اپنے وقت کی سپر پاورز کہلائے۔

مصر

حضرت موسیٰؑ کے وقت میں فرعون بادشاہ مصر کا حکمران تھا۔ وہ ایک سخت جان اور بے حد محنتی قسم کا شخص تھا۔ مصر (Egypt) میں دریائے نیل گزرتا تھا۔ فرعون ایک ذہین اور ہوشیار شخص تھا۔ اس نے اندازہ لگایا کہ چونکہ دریائے نیل کا پانی میٹھا پانی ہے لہٰذا یہ اگر قریب کی زمین کو لگایا جائے تو اس سے بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔ اس کے لئے اس نے دریائے نیل سے نہریں نکلوائیں کہ جو ہزاروں کلومیٹر لمبی تھیں۔ اس نے ایک ایسا کام کر دکھایا جو آج سے قریب 5000 سال قبل یقیناً ایک بہت مشکل کام تھا۔ اس طرح ہزارہا ایکڑ زمین قابل کاشت ہوگئی اور بہت جلد وہ بہت امیر شخص بن گیا۔ دنیا کی تاریخ میں یہ بات بھی عملی طور پر دیکھی گئی کہ وہ علاقہ جہاں پانی اچھی مقدار میں میسر تھا اس علاقہ کے لوگوں یا قوموں نے خشک علاقوں کی نسبت زیادہ ترقی کی۔ ساتھ ہی ساتھ مصر میں اہرام تعمیر ہوئے جو صحیح معنی میں دنیا کا عجوبہ ہیں۔ آج بھی محققین ان عالیشان عمارات کو دیکھ کر حیران ہوتے ہیں اتنے بڑے پتھروں کے بلاک نہ صرف اتنی اونچائی پر چڑھانا بلکہ یہ معلوم کرنا کہ نزدیک نزدیک میں تو کہیں پہاڑ نہیں نظر آتے کہ جہاں سے پتھر پہلے توڑے گئے ایک خاص تناسب اور معیار سے اور پھر اندر کی طرف ان اہرام کی تو ایک دنیا ہی الگ ہے۔

ان سب کی وجہ سے فرعون میں ایسا تکبر پیدا ہو گیا کہ اس نے اس بات کا اظہار کیا کہ میں خدا ہوں اور ان سب خزانوں کا مالک ہوں۔ یہ سب میری محنت کا صلہ ہے اور اس میں خدا کا یا کسی اور کا کوئی عمل دخل نہیں۔ اس کے ساتھ کیا حال ہوا۔ اس سب سے ہم واقف ہیں۔

یونان

یونان (Greece) اپنے دور کا ایک زبردست ملک تھا۔ آج بھی یونان یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ہم نے دنیا کو تہذیب دی۔ علم کی شمع ہمارے سے ہی جاری ہوئی۔ دنیا کی تاریخ کے نامور سائنسی سکالر سائنسدان، ہنر مند، جفاکش بادشاہ یا حکمران یہاں دیکھنے کو ملتے ہیں۔ طب ہو یا انجینئرنگ، سائنس کی ایجادات اور تحقیقات بھری پڑی ہیں۔ اپنے دور کے عروج پر یہ لوگ مختلف کھیلوں سے بھی لطف اندوز ہوتے۔ جنگجو لوگ تھے۔ اولمپکس بھی یہاں کے شہر اولمپیا سے منسلک ہے۔ اسی طرح Marathon جسے ہم آج کے دور میں دوڑ کہتے ہیں ایک یونانی بہادر اور محب وطن جفاکش سپاہی کے نام سے منسلک ہے جس نے پہلے ایک لمبی دوڑ لگائی تا کہ بادشاہ وقت کو ممکنہ حملے کی خبر دے۔ بادشاہ نے یہ خبر سنتے ہی فوج کو ہوشیار رہنے کا کہا۔ جیسے ہی یہ پیغام فوج کو پہنچایا تو اس کے چند لمحوں بعد ہی اس شخص کے دل کی دھڑکنیں بند ہوگئیں۔ اس بات کو دنیائے کھیل میں آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور Marathon نامی شخص کی یاد میں جوڑا جاتا ہے پاکستان، لاہور میں 2 مرتبہ یہ دوڑ ہو چکی ہے۔

یونان کی بات ہو رہی ہو اور ارسطو (Aristotile) اور سکندر اعظم کا نام (Alexander The Great) نہ لیا جائے تو یونان کی تاریخ ادھوری رہ جاتی ہے۔ ارسطو، سکندر کا استاد اور ایک عظیم فلسفی تھا۔ سکندر مقدونیہ میں پیدا ہوا تھا۔ سکندر نے اپنا سفر شروع کیا تو ہندوستان تک جا پہنچا۔ ہندوستان آمد پر بہت سارے علاقے بلکہ شاید زیادہ تر وہ علاقہ جو کہ موجودہ پاکستان میں ہیں داخل ہوا وہ تربت، گوادر وغیرہ سے ہوتا ہوا گزرا۔ ہندوسان میں سکندر نے 2 بڑی جنگیں لڑیں۔ ایک چنیوٹ کے مقام پر اور دوسری جہلم میں جہاں اس نے اس وقت راجہ پورس کی ایک بڑی فوج کو شکست دی۔ ایک روایت کے مطابق یہاں اس جنگ کے دوران سکندر کا گھوڑا زخمی ہو کر مر گیا۔ سکندر نے اپنے گھوڑے کی یاد میں اس علاقہ کا نام جہلم رکھا۔ اسی طرح دریا کا نام بھی گھوڑے کے نام سے منسلک ہو گیا۔ یہ تقریباً 250 قبل مسیح کا دور تھا جب سکندر ہندوستان آیا۔ سکندر نے اپنی فوج کو نصیحت کی ہوئی تھی کہ دوران سفر یا دوران جنگ اگر میری وفات ہوگئی تو جہاں سے نعش گزرے تو میرے بازوؤں کو پھیلا دینا تا کہ ثابت ہو کہ دنیا کا اتنا بڑا بادشاہ دنیا سے رخصت ہوتے وقت خالی ہاتھ جا رہا ہے۔ اسی طرح اپنے گھوڑوں پر سوار، موجودہ چترال سے آگے جا پہنچا۔ یہاں بمبوریت اور کیلاش کی وادیاں ہیں یہاں کیلاشی لوگوں کا دعویٰ ہے کہ ان کے نقش و نگار یونانیوں جیسے ہیں۔ جب سکندر نے جنگ جیتی تو اس کے سپاہیوں نے مقامی عورتوں سے شادیاں کر لیں لہٰذا ان لوگوں کو ان یونانی سپاہیوں کی نسلیں قرار دیا جاتا ہے۔ کیلاش میں پہنچنے کے لئے آج بھی راستہ اتنا آسان نہیں 250 ق م میں اللہ جانے کس طرح پہنچے ہوں گے۔ بہرحال کچھ خوبیاں تو پھر ہوتی ہیں کہ انہیں سپر پاور کہا جاتا ہے۔

روم

یونان کے بعد روم یعنی موجودہ دور کا اٹلی دنیا کا سپر پاور کہلایا۔ روم کی خوش قسمتی تھی کہ انہیں چند بہت اچھے لیڈر مل گئے جس سے روم نے بہت ترقی کی اور کامیابیاں حاصل کیں۔ یہاں بھی بنی اسرائیل قوم کا بہت اثر ورسوخ تھا۔ روم کے کھانے پینے کی مختلف اشیاء کل کی طرح آج بھی ساری دنیا میں بہت مشہور ہیں جس میں Fast Food اور بالخصوص Italian Pasta اور Pizza۔ اسی طرح روم میں اپنے عروج کے دور میں انتہائی نفیس معیار کے ملبوسات کپڑے اور ریشمی (بالخصوص) صنعت عروج پر تھی۔ اسی طرح جوتا بھی اور چمڑے کی صنعت بہت اونچے معیار کی تھی۔ آج بھی اٹلی کا جوتا یا مردانہ سوٹ وغیرہ دنیا بھر میں بہت پسند کیا جاتا ہے۔ پھر روم کا Pissa Tower ایک دنیا کا عجوبہ ہے۔ روم کے بادشاہ اور ملکہ Julius Ceassar دنیا بھر میں آج بھی بہت مشہور ہیں۔ جب بادشاہ نے اپنی ملکہ سے کچھ خوف کی حالت میں یہ کہا کہ میں عیسائی ہو چکا ہوں یہ بات اپنی قوم سے کہنے میں گھبراہٹ ہے تو ملکہ نے کہا کہ آپ اب عیسائی ہوئے ہیں میں تو کب کی عیسائیت تسلیم کر چکی ہوں۔ آپ مت پریشان ہوں اور اپنی قوم سے کہہ ڈالیں لہٰذا بادشاہ کے پیچھے پوری قوم عیسائی ہوگئی۔

دنیا میں سب سے پہلے پانی سٹور کرنے یعنی ڈیم بنانے کی سوچ بھی اس دور میں رومیوں کی تھی۔ آج کے دور میں سب سے پہلے اسرائیل نے پھر امریکہ کی ریاستوں کیلی فورنیا اور کولوراڈو اور آسٹریلیا میں کئی علاقوں میں اس نظام کے تحت لاکھوں ایکڑ کے صحرائی علاقہ کو سرسبز کر دیا گیا ہے۔ روم کے اس دور میں گو عیسائیت کو بہت فروغ ملا اور عیسائیت خوب پھیلی مگر انہوں نے حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات کو نقصان بھی پہنچایا کہ جس میں انہیں نعوذ باللہ اللہ کا بیٹا بنا دیا گیا۔ اسی طرح ایک فرقہ Roman Catholic بھی بنا۔ یہ لوگ مذہب کے معاملہ میں بہت سختی کا رویہ رکھتے ہیں۔ Romans کا قول تھا کہ "Do in Rome as the Romans Do" اور وہ اپنے پر بہت فخر کرتے تھے۔ ان کا زوال حضرت عمرؓ کے دور میں ہوا۔ جب قیصر یعنی روم کے بادشاہ اور کسریٰ (فارس یعنی موجودہ ایران) کو شکست ہوئی۔ اس واقعہ کو مختلف مفسرین نے The Fall of Great Roman Empire قرار دیا۔

بغداد

روم کے زوال کے بعد دنیا میں مسلمانوں کے پاس اقتدار آیا۔ اسلام دنیا میں ریت کے ذروں کی طرح پھیلا۔ بغداد بلاشک وشبہ موجودہ دور کے لندن، پیرس یا نیویارک وغیرہ سے کم نہ تھا۔ اس دور میں بغداد میں دنیا کا بہترین دینی، دنیاوی، اسلامی مذہبی، سائنسی، سکالرز، مبلغین اور تحقیقاتی ادارے دیکھنے کو ملتے تھے۔

وہاں کے مدرسے یقیناً ہر لحاظ سے معیار اول کے تھے۔ تجارتی لحاظ سے بھی دنیا کا صف اول کا مرکز تھا۔ یہاں کی لائبریریوں کی تعداد اور کتابوں کی تعداد ایک طرف تھی اور باقی دنیا میں کتابوں کی تعداد ایک طرف۔ 17ویں صدی تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں ان کتب سے استفادہ کیا جاتا تھا۔ مسلمانوں کے پاس اقتدار جب آیا تو مسلمانوں نے دنیا کی تاریخ میں سپر پاور کا ذمہ اپنی قابلیت کی نسبت اللہ تعالیٰ کے فضل اور احسان کو قرار دیا۔ جیسا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ "تم میں سے کسی کو کسی پر فوقیت نہیں۔ نہ امیر یا غریب کو ایک دوسرے پر نہ عربی یا عجمی کو کسی پر اور نہ کالے یا گورے کو ایک دوسرے پر۔ افضل وہ ہے جو زیادہ متقی ہے۔"

مسلمانوں نے ایک ہزار سال سے زیادہ دنیا میں اپنا بول بالا رکھا۔ اس دوران عرب سے بڑھتے ہوئے یورپ، ترکی، ایران، ہندوستان حتیٰ کہ مشرق بعید تک مسلمانوں کی فتوحات جاری وساری رہیں۔ لیکن پھر ایک وقت آیا کہ مسلمانوں میں آپس کے سیاسی، مذہبی اور خاندانی اختلاف پھوٹ پڑے۔ آج مسلمان دنیا کے ہر کونے میں مصیبت میں بے حال ہیں۔

ہندوستان

ہندوستان میں محمد بن قاسم 712ء میں داخل ہوا۔ مسلمانوں نے ہندوستان میں ایک نئی وسیع سوچ کے ساتھ خدمات سرانجام دیں۔ گھروں کی چھتیں اونچی رکھیں۔ گھروں میں صحن اور کھڑکیاں رکھیں جس سے گھر ہوادار اور روشن رہتے۔ مسلمانوں نے شاندار عمارات، قلعے، باغات بنائے اور پانی کی نہروں کا وسیع جال پھیلایا۔ جینے اور مرنے کا طریق بتایا۔ عظیم بادشاہ ٹیپو سلطان کا مشہور قول تھا کہ "شیر کی ایک دن کی زندگی، گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے۔" وہ عظیم مسلمان لیڈر مسلمانوں کی آخری سانس کی مانند تھا لیکن اپنے ہی احسان فراموش قریبی ساتھیوں کی بدنیتی اور بددیانتی سے ٹیپو شیر کی طرح لڑتے ہوئے شہید ہو گیا۔ اس طرح مسلمانوں سے حکومت اور طاقت اور وہ رعب وجلال چھوٹ گیا۔ انگلستان کا پرچم لہرانے لگا۔

انگلستان

انگلستان دنیا کے نقشہ پر ایک عظیم سپر پاور کے طور

پر ابھرا۔ بظاہر ایک چھوٹا سا ملک لیکن دنیا کے تقریباً 80 فیصد علاقہ پر حکومت ان کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہماری سلطنت پر سورج نہیں غروب ہوتا۔ تکنیکی اور بہترین حکمت عملی اور دور اندیشی کی مانند دنیا بھر میں بہت عزت اور شہرت پائی۔ تعمیراتی ترقی بھی بہت نفیس اور اعلیٰ معیار کی تھی۔ دنیا بھر میں جہاں بھی حکومت کی وہاں اعلیٰ معیار کے سکول، ہسپتال، کالج، یونیورسٹی (تعلیمی ادارہ) چرچ، باغات، عدلیہ کا نظام، فوج کا نظام، چھاؤنیاں، ریل نیٹ ورک، ہوائی اڈے، نیز بہت ساری سرکاری تنصیبات اور اونچی بلڈنگ دیکھنے کو ملتی ہیں۔ جہاں پر ان میں بے شمار خوبیاں تھیں وہاں ان میں تکبر کی بہت بو بھی آتی تھی۔ گو یہ سب اوپر کی بیان کردہ خوبیاں اور نظام ایسا لگتا تھا کہ انہوں نے مسلمانوں کو بڑی باریک بینی سے Study کیا اور جو نظام حضرت عمرؓ کے دور میں رائج تھا۔ موجودہ دور میں اس کے کئی حصوں کو رائج کیا۔ انہوں نے گورے اور کالے میں ایک فرق رکھا۔ گورے کو فوقیت اور کالے کو ایک گالی یا منحوس سمجھا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد بہت کمزور ہونا شروع ہو گئے گو اس میں فتح ان کا مقدر بنی۔

امریکہ

موجودہ دور میں ہم نے دیکھا کہ روس، افغان جنگ کے بعد جب روس کو شکست کا سامنا ہوا تو امریکہ دنیا کی سپر پاور بن گیا۔ اس سے قبل دنیا میں 2 سپر پاورز کہلاتی تھیں۔ روس اور امریکہ، اب امریکہ اکیلا سپر پاور بن چکا تھا۔ امریکہ نے بھی سپر پاور کی حیثیت سے بہت زبردست ترقی کی منزلیں طے کیں۔ قابل ذکر ان میں ایٹم بم ہے۔ اس کے علاوہ 1969ء میں چاند پر قدم رکھنا ایک اہم پیش رفت ہے۔ اسی طرح اس دور میں کمپیوٹر، انٹرنیٹ، فیکس، ای میل، موبائل وغیرہ پھر ہوائی جہاز، ہیلی کوپٹر نے زمانے کی رفتار کو بہت تیز کر دیا ہے۔ اسلحہ کی دوڑ، زمانہ حاضر میں 6 کھرب ڈالر کی معیشت (اکانومی) یقیناً اسے باقی دنیا سے سرفراز کرتی ہے۔

آجکل امریکہ نے کئی ممالک بالخصوص مسلمان ممالک کے خلاف اپنی جنگی حکمت عملی اپنائی ہوئی ہے۔

یہ دور حضرت مسیح موعود اور خلافت احمدیہ کا دور ہے۔ اسی دور کے متعلق بہت ساری پیشگوئیاں ملتی ہیں۔ اور دجال، یاجوج، ماجوج اور کسر صلیب وغیرہ کے متعلق معلومات ملتی ہیں۔ آنحضورؐ نے ایک موقع پر فرمایا تھا کہ تم سے پہلی قوموں پر تباہی اس لئے آئی کہ انہوں نے انصاف کا دامن چھوڑ دیا تھا۔ امیر کو غریب پر فوقیت تھی۔ سردار کو غلام یا کنیز پر۔ لہٰذا نہ گورے کو کالے پر فوقیت ہے نہ کالے کو گورے پر۔ نہ امیر یا غریب کو ایک دوسرے پر نہ عربی یا عجمی کو ایک دوسرے پر۔

پس ہمیں تقویٰ اور انصاف کی راہوں پر چلنا چاہئے۔ تا کہ قیامت تک عدل اور نیکی کی حکومت قائم رہے۔

مکرم پروفیسر ڈاکٹر فضل احمد افضل صاحب

شمسی توانائی سے سبزیاں سکھانا

پرانے وقتوں ہی سے سبزیاں سکھانے کا کام سورج سے لیا جا رہا ہے۔ دھوپ سے جب کوئی سبزی سکھائی جاتی ہے تو سورج کی شعاعوں میں بنفشی اور کاسنی لہروں سے جراثیم مر جاتے ہیں۔ نتیجہ کے طور پر جو چیز حاصل ہوتی ہے۔ اس کا وزن بہت کم ہو جاتا ہے اور جراثیم سے پاک ہو کر محفوظ ہو جاتی ہے۔ اس کو لفافوں یا ڈبوں میں رکھا جا سکتا ہے اور کئی ماہ بعد بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ عام طور پر گھروں میں مندرجہ ذیل چیزیں سکھانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

سرخ مرچ، ثابت دھنیا، شلغم، میتھی، گوبھی، گاجر، پیاز، لہسن، ادرک وغیرہ وغیرہ۔ بازار میں خشک پسا ہوا ادرک اور لہسن بھی ملتا ہے۔ یہ سکھا کر بازار میں بیچے جا سکتے ہیں۔ اسی طرح گاجروں کو بھی سکھا کر بیچا جا سکتا ہے۔ اگر یہ چیزیں بازار سے کچھ قیمت کم رکھ کر فروخت کی جائیں تو آپ اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

ان کے سکھانے کا عام طریقہ یہ ہے کہ کسی صاف جگہ یا چارپائی پر چادر بچھا کر سبزی بکھیری جاتی ہے۔ دن بھر اوپر سے دھوپ پڑتی ہے۔ گاہے بگاہے ان کو الٹ پلٹ کرنا ہوتا ہے۔ شام کے وقت اٹھا کر کمرے میں رکھ دیتے ہیں۔ دوسرے دن دھوپ میں یہی عمل شروع کیا جاتا ہے۔ تقریباً چھ سات روز میں چیزیں خشک ہو جاتی ہیں۔ اس طرح سبزیاں سکھانے سے سات آٹھ روز کا گرد و غبار بھی پڑتا رہتا ہے۔ یہ عمل صحت کے اصولوں کے خلاف ہے۔

سائنٹفک طریقہ یہ ہے کہ سارا عمل ایک دو دن میں ہو جائے۔ چیزوں کو الٹ پلٹ بھی نہ کرنا پڑے اور ان پر مکھی یا گرد کا کوئی احتمال نہ ہو۔ نمی تمام کی تمام نکل کر خارج ہو جائے اور صاف ستھری چیز مل جائے۔

سبزیاں وغیرہ سکھانے کے لئے سولر ڈرائر بنا سکتے ہیں۔ سولر ڈرائر کا سائز آپ کچھ بھی رکھ سکتے ہیں۔ دونوں سائڈوں، پیچھے اور نچلا حصہ لکڑی (پلائی وڈ) کے ہوں۔ یا کوئی سستی سی لکڑی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سامنے اور اوپر ایک پلاسٹک کی شیٹ لگا دیں۔ پہلے شیٹ کو AF پر لگا دیں۔ پھر پلاسٹک شیٹ کو BE سے گزارتے ہوئے CD پر لگا دیں۔ نیچے چھوٹے چھوٹے پتھر ڈال دیں۔ سبزیاں رکھنے کے لئے جالی دار ٹرے لگا دیں۔ پیچھے جو چھوٹا سا دروازہ ہے۔ اس سے سبزیاں رکھ یا نکال سکتے ہیں۔ دھوپ سبزیوں اور پتھروں پر پڑتی ہے۔ پتھر گرمی جذب کر کے گرم ہوا کی لہریں بناتے ہیں۔ گرم ہوا جب اوپر اٹھتی ہے تو راستہ میں سبزی وغیرہ کے ٹرے ہیں۔ جن کا تلا جالی کا ہوتا ہے۔ جالی کے سوراخوں میں سے گرم ہوا نکل کر نمی کو ساتھ لیتی ہوئی ذرا اوپر جا کر سوراخوں سے خارج ہو جاتی ہے۔ نم ہوا خارج کرنے والے سوراخ کم و بیش کئے جا سکتے ہیں۔ ان کی مدد سے اندر کا درجہ حرارت کنٹرول ہو جاتا ہے۔ درجہ حرارت 70 سینٹی گریڈ تک پہنچ جاتا ہے۔ وٹامن سی والی چیزوں کے لئے درجہ حرارت 42 سے 45 سینٹی گریڈ تک ہونا چاہئے۔ وٹامن ڈی دھوپ میں ضائع ہو جاتا ہے۔

اگر آپ چھوٹا ڈرائر بنانا چاہتے ہیں۔ تو سبزیاں رکھنے کے لئے صرف ایک ٹرے بنا لیں۔ لمبائی تین فٹ، اونچائی تین فٹ اور چوڑائی دو فٹ مناسب رہے گی۔ آپ ڈرائر کا فریم بنا کر دونوں سائڈوں اور پیچھے کارٹن کا گتا بھی لگا سکتے ہیں۔ چھوٹے ڈرائر کو پہیے لگانے کی بھی ضرورت نہیں۔

سبزیاں سکھانے کے لئے شمسی ڈرائر



(1) گرم ہوا کے باہر نکلنے کیلئے سوراخ (2) چیزیں رکھنے کیلئے جالی دار ٹرے
(3) ہوا کے اندر داخل ہونے کیلئے سوراخ جو پلائی وڈ کی پتلی سی پٹی لگا کر ہوا کی مقدار کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے
(4) چھوٹے پتھر جو نوک دار نہ ہوں (5) چیزیں رکھنے کیلئے ڈرائر کے پیچھے چھوٹا سا دروازہ

مکرم ناصر احمد محمود طاہر صاحب

بینن میں بیت الذکر کا افتتاح

پا کپا اگبو نامی گاؤں بینن کے داسا شہر سے جانب شمال مشرق تقریباً تیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس علاقہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی 2004ء میں آمد سے پہلے تک عیسائیت کا دور دورہ تھا۔ حضور انور کے دورہ کی برکت سے یہاں احمدیت کا نفوذ ہوا اور اس گاؤں میں بھی احمدیت آئی۔ امسال یہاں کے مربی سلسلہ قیصر محمود طاہر صاحب کی زیرنگرانی جماعت کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک بیت الذکر تعمیر کرنے کی توفیق ملی۔

17/اکتوبر 2008ء کو مکرم رانا فاروق احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ بینن نے خطبہ جمعہ کے ساتھ اس بیت الذکر کا افتتاح کیا۔ خطبہ میں مکرم امیر صاحب نے احمدیت میں بیوت الذکر کی تعمیر کی غرض و غایت بیان کی اور احباب جماعت کو تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے عمدہ مثال بننے کی تلقین کی۔

افتتاح کے موقع پر گردونواح کے 14 دیہات سے 85 کے قریب عہدیداران جماعت و قائدین مجالس تشریف لائے۔ اسی طرح اس گاؤں کے چیف، ان کی کابینہ کے ممبران نیز گاؤں کے احمدی و غیر احمدی احباب سمیت کل 150 کی حاضری تھی۔

نماز جمعہ و افتتاح کے بعد مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ نے قائدین مجالس کے ساتھ ایک میٹنگ کی اور اس کے بعد احباب کو کھانا پیش کیا گیا۔

بیت الذکر کی تعمیر میں بہت سی رکاوٹیں ڈالی گئیں مگر خدا کے فضل سے ہر رکاوٹ دور ہو گئی اور یہ بیت تعمیر ہوئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس بیت الذکر کو ہمیشہ اپنے حقیقی عبادت گزار بندوں سے بھرا رکھے اور یہ بیت الذکر اس علاقہ کے لئے توحید کا مرکز بنی رہے۔ آمین (الفضل انٹرنیشنل 7 نومبر 2008ء)

جوتے پالش کرنے والا ملک کا صدر بن گیا

